ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کے سالانہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 30-09-2026 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کا سالانہ اجلاس عام آج مورخہ 30-09-2026 بروز بدھ بوقت 07:00 بجے شام زیرِ صدارت جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بمقام دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی۔ اراکین جن کے اسمائے گرامی رجسٹر حاضری میں درج ہیں نے اجلاس میں شمولیت کی:-

نمبر شمار	ایجنڈا	کاروائی اجلاس
1.	آغاز اجلاس۔	اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ تلاوت جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب نے فرمائی۔
2.	توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان مورخہ 26-09-2025	گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان منعقدہ مورخہ 26-09-2025 کی کاروائی جو کہ ایوان کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی گئی تھی کی باتفاق رائے توثیق کی گئی۔
3.	آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب بابت سال 2025-26 کی منظوری۔	سیکرٹری جنرل محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ حساب کتاب ایوان کا آڈٹ شدہ گوشوارہ جات وآڈٹ رپورٹ بابت سال 2025-26 جس کی منظوری مجلس عاملہ کے اراکین نے کر دی ہے اور اسے ایوان کی ویب سائٹ پر تمام اراکین کے ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیلئے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور اس کی ایک کاپی ایوان کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کی جا چکی ہے اس کی منظوری دی جائے۔ جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب ایوان بابت سال 2025-26 کی منظوری دی۔
4.	فائنل الیکشن رزلٹ برائے سال 2026-28 منتخب شدہ عہدیداران واراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا اعلان و چارج سنبھالنا۔	سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق صاحب نے جناب ملک اسرار احمد صاحب، ممبر الیکشن کمیشن ایوان تجارت وصنعت ملتان کو دعوت دی کہ وہ برائے سال 2026-28 کیلئے مجلس عاملہ کے منتخب شدہ عہدیداران واراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا اعلان کریں۔ جناب ملک اسرار احمد صاحب نے کہا کہ میں بطور ممبر الیکشن کمیشن ایوانِ تجارت وصنعت ملتان آپ تمام خواتین وحضرات اور مقامی پریس والیکٹرانک میڈیا کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر آج ایوان کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی۔ الحمدللہ ایوان تجارت وصنعت ملتان نے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت الیکشن شیڈول کے مطابق تمام مراحل بخوبی طے کر لئے ہیں۔ لہٰذا میں ایوان کے الیکشن بابت سال 2024-26 کیلئے ایوان کے منتخب شدہ عہدیداروں واراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا باضابطہ اعلان کرتا ہوں:-

کاروائی اجلاس	ایجنڈا	نمبر شمار

جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب (صدر)

جناب اظہر ممتاز صاحب (سینئر نائب صدر)

جناب شیخ عبدالوہاب صاحب (نائب صدر)

اراکین مجلس عاملہ

کارپوریٹ کلاس

1. جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب
2. جناب حسین احمد فضل صاحب
3. جناب میاں فضل الٰہی صاحب
4. جناب محمد اسلم بھٹہ صاحب
5. جناب محمد اسلم صاحب
6. جناب محبوب الٰہی صاحب
7. جناب محی الدین اورنگزیب عالمگیر صاحب
8. جناب ندیم احمد شیخ صاحب
9. جناب شیخ عمران ارشد صاحب
10. جناب خواجہ محمد عمر صاحب
11. جناب خواجہ محمد ریاض صدیقی صاحب
12. جناب محمد بلال احمد شیخ صاحب
13. محترمہ فرزین غزل صاحبہ

ایسوسی ایٹ کلاس

1. جناب اظہر ممتاز صاحب
2. جناب شیخ عبدالوہاب صاحب
3. جناب محمد شہزاد کریم صاحب
4. جناب چوہدری طارق کریم صاحب
5. جناب خواجہ احمد نبیل صاحب
6. جناب مرزا شاہد حسین صاحب
7. جناب نواب عاطف اشفاق صاحب
8. جناب حافظ عمیر سعید صاحب
9. جناب حماد احمد میاں صاحب
10. جناب شیخ محمد طاہر صاحب
11. جناب حافظ طارق بشیر چوہدری صاحب
12. جناب حسن اقبال صاحب
13. محترمہ فریحہ شاہد صاحبہ

اس اعلان کے ساتھ ہی سیکرٹری جنرل ایوان نے ایوان کے نئے عہدیداروں کو چارج سنبھالنے کی دعوت دی اور نئے عہدیداران نے سبکدوش ہونے والے عہدیداروں کے ساتھ اپنی اپنی نشستیں تبدیل کیں۔ اس طرح اجلاس کی باقی کاروائی جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب کی زیرِ صدارت جاری رہی۔

CamScanner

نمبرشمار	ایجنڈا	کاروائی اجلاس
5.	بابت سال 2026-27 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کی سالانہ آڈٹ فیس مقرر کرنے پر غور وخوض۔	جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ بابت سال 2026-27 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کیلئے تین تحریری درخواستیں میسرز مجبوب شیخ اینڈ کو، میسرز طلعت جاوید اینڈ کو اور میسرز پی کے ایف فرانٹس چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف سے موصول ہوئی ہیں، لہٰذا ان میں سے کسی اک کی منظوری دی جائے جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر میسرز پی۔ کے۔ ایف۔ فرانٹس چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بابت سال 2026-27 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔
6.	بابت سال 2026-27 کیلئے ایوان کا لیگل ایڈوائزر مقرر کرنے پر غور وخوض۔	جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ بابت سال 2026-27 کیلئے ایوان کو لیگل ایڈوائزر مقرر کرنے کیلئے ایک ہی تحریری درخواست میسرز علی نواز کھرل اینڈ ابتسام مرزا (فرم) کی طرف سے موصول ہوئی ہے، لہٰذا اس کی منظوری دی جائے جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر میسرز علی نواز کھرل اینڈ ابتسام مرزا (فرم) کو بابت سال 2026-27 کیلئے ایوان کا لیگل ایڈوائزر مقرر کرنے کی منظوری دی۔
7.	اور کوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔	اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے غور نہیں تھا لہٰذا سالانہ اجلاس عام کی کاروائی صاحب صدر کے شکریہ کے ساتھ اختتام پزیر ہوئی۔

مورخہ 30 ستمبر 2026ء

صدر

Secretary General
MCCI.

ایوان تجارت وصنعت ملتان
THE MULTAN CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY

CamScanner